روزنامہ الفضل

ٹیلی فون نمبر: 213029

C.P.L 29

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

جمعرات 3 مارچ 2005ء 21 محرم 1426 ہجری 3 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 48

دین کتنا مضبوط ہے

حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا سب سے زیادہ ابتلا کن پر آتے ہیں فرمایا انبیاء پر۔ پھر جو ان کے قریب تر ہو پھر جو ان کے قریب تر ہوں۔ انسان اپنے دین کی مضبوطی کے حساب سے آزمایا جاتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الزھد باب فی الصبر علی البلاء حدیث نمبر 2322)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وہ ابتلاء کہ جو شیر ببر کی طرح اور سخت تاریکی کی مانند نازل ہوتا ہے اس لئے نازل ہوتا ہے کہ تا اس برگزیدہ قوم کو قبولیت کے بلند مینار تک پہنچا دے۔ اور الٰہی معارف کے باریک دقیقے ان کو سکھا دے۔ یہی سنت اللہ ہے۔ جو قدیم سے خدائے تعالیٰ اپنے پیارے بندوں کے ساتھ استعمال کرتا چلا آیا ہے زبور میں حضرت داؤدؑ کی ابتلائی حالت میں عاجزانہ نعرے اس سنت کو ظاہر کرتے ہیں اور انجیل میں آزمائش کے وقت میں حضرت مسیحؑ کی غریبانہ تضرعات اسی عادت اللہ پر دال ہیں اور قرآن شریف اور احادیث نبویہ میں جناب فخر الرسلؐ کی عبودیت سے ملی ہوئی ابتہالات اسی قانون قدرت کی تصریح کرتے ہیں اگر یہ ابتلاء درمیان میں نہ ہوتا تو انبیاء اور اولیاء ان مدارج عالیہ کو ہرگز نہ پا سکتے کہ جو ابتلاء کی برکت سے انہوں نے پالئے۔ ابتلاء نے ان کی کامل وفاداری اور مستقل ارادے اور جانفشانی کی عادت پر مہر لگا دی اور ثابت کر دکھایا کہ وہ آزمائش کے زلازل کے وقت کس اعلیٰ درجہ کا استقلال رکھتے ہیں اور کیسے سچے وفادار اور عاشق صادق ہیں کہ ان پر آندھیاں چلیں اور سخت سخت تاریکیاں آئیں اور بڑے بڑے زلزلے ان پر وارد ہوئے اور وہ ذلیل کئے گئے اور جھوٹوں اور مکاروں اور بے عزتوں میں شمار کئے گئے اور اکیلے اور تنہا چھوڑے گئے یہاں تک کہ ربانی مددوں نے بھی جن کا ان کو بڑا بھروسہ تھا کچھ مدت تک منہ چھپا لیا اور خدا تعالیٰ نے اپنی مربیانہ عادت کو بہ یکبارگی کچھ ایسا بدل دیا کہ جیسے کوئی سخت ناراض ہوتا ہے اور ایسا انہیں تنگی و تکلیف میں چھوڑ دیا کہ گویا وہ سخت مورد غضب ہیں۔ اور اپنے تئیں ایسا خشک سا دکھلایا کہ گویا وہ ان پر ذرا مہربان نہیں بلکہ ان کے دشمنوں پر مہربان ہے اور ان کے ابتلاؤں کا سلسلہ بہت طول کھینچ گیا۔ ایک کے ختم ہونے پر دوسرا اور دوسرے کے ختم ہونے پر تیسرا ابتلاء نازل ہوا۔ غرض جیسے بارش سخت تاریک رات میں نہایت شدت و سختی سے نازل ہوتی ہے ایسا ہی آزمائشوں کی بارشیں ان پر ہوئیں پر وہ اپنے پکے اور مضبوط ارادہ سے باز نہ آئے اور سست اور شکستہ دل نہ ہوئے بلکہ جتنا مصائب و شدائد کا باران پر پڑتا گیا اتنا ہی انہوں نے آگے قدم بڑھایا اور جس قدر وہ توڑے گئے اسی قدر وہ مضبوط ہوتے گئے۔ اور جس قدر انہیں مشکلات راہ کا خوف دلایا گیا اسی قدر ان کی ہمت بلند اور شجاعت ذاتی جوش میں آتی گئی۔ بالآخر وہ ان تمام امتحانات سے اول درجہ کے پاس یافتہ ہو کر نکلے اور اپنے کامل صدق کی برکت سے پورے طور پر کامیاب ہو گئے اور عزت اور حرمت کا تاج ان کے سر پر رکھا گیا اور تمام اعتراضات نادانوں کے ایسے حباب کی طرح معدوم ہو گئے کہ گویا وہ کچھ بھی نہیں تھے غرض انبیاء و اولیاء ابتلاء سے خالی نہیں ہوتے بلکہ سب سے بڑھ کر انہیں پر ابتلاء نازل ہوتے ہیں اور انہیں کی قوت ایمانی ان آزمائشوں کی برداشت بھی کرتی ہے عوام الناس جیسے خدا تعالیٰ کو شناخت نہیں کر سکتے ویسے اس کے خالص بندوں کی شناخت سے بھی قاصر ہیں بالخصوص ان محبوبانِ الٰہی کی آزمائش کے وقتوں میں تو عوام الناس بڑے بڑے دھوکوں میں پڑ جاتے ہیں گویا ڈوب ہی جاتے ہیں اور اتنا صبر نہیں کر سکتے کہ ان کے انجام سے منتظر رہیں۔ عوام کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ جل شانہ جس پودے کو اپنے ہاتھ سے لگاتا ہے اس کی شاخ تراشی اس غرض سے نہیں کرتا کہ اس کو نابود کر دیوے۔ بلکہ اس غرض سے کرتا ہے کہ تا وہ پودا پھول اور پھل زیادہ لاوے اور اس کے برگ اور بار میں برکت ہو۔ پس خلاصہ کلام یہ کہ انبیاء اور اولیاء کی تربیت باطنی اور تکمیل روحانی کے لئے ابتلاء کا ان پر وارد ہونا ضروریات سے ہے اور ابتلاء اس قوم کے لئے ایسا لازم حال ہے کہ گویا ان ربانی سپاہیوں کی ایک روحانی وردی ہے جس سے یہ شناخت کئے جاتے ہیں۔

(سبز اشتہار۔ روحانی خزائن جلد دوم صفحہ 458)

قرب الٰہی پانے کا ذریعہ

بیوت الحمد منصوبہ

قرآن کریم اور احادیث میں بیواؤں، غرباء اور بے سہارا لوگوں کی ضروریات زندگی کو پورا کرنے اور بہتر سہولتیں مہیا کرنے کو خدا تعالیٰ کے پیار حاصل کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ اس عظیم مقصد کے پانے کا بہترین زینہ ہے۔ اس منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

ٹیچرز ٹریننگ کلاس

مورخہ 11 تا 24 اپریل 2005ء کو ایڈیشنل نظارت اصلاح وارشاد تعلیم القرآن ووقف عارضی کے زیر انتظام ربوہ میں 41 ویں قرآنی ٹیچرز ٹریننگ کلاس منعقد ہو رہی ہے۔ اس کلاس کے طلباء کو عربی تلفظ کی خصوصی ٹریننگ کے ساتھ عربی گرائمر، عربی بول چال اور قرآن کریم کا لفظی ترجمہ بھی سکھایا جائے گا۔ تمام اضلاع کے امراء کرام سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے ضلع سے اس کلاس کے لئے کم از کم دو ایسے مستعد نمائندگان ضرور بھجوائیں جو قرآن کریم ناظرہ جانتے ہوں اور قرآن کریم سیکھنے کا شوق بھی رکھتے ہوں۔ کلاس سے استفادہ کرنے والے طلباء ٹریننگ کے بعد اپنی جماعت میں افراد جماعت کو

باقی صفحہ 12 پر

فضا قادیاں کی

نیا سال لایا نئی شادمانی
سنو یہ کہانی ہماری زبانی
تھے امسال جلسہ پہ ہم قادیاں میں
اسی کی میں روداد چاہوں سنانی
بہت دل کو بھایا وہ دارِ مسیحا
بڑی روح پرور ہے اس کی کہانی
وہاں چلتے پھرتے تھے ہم ہلکے پھلکے
جو دل کو سکینت ملی جاودانی
سبھی بام و در، فرش و دیوار سارے
پلاتے تھے نظروں کو مے ارغوانی
بہشتی مقابر کی رونق سوا تھی
اچکتی تھیں نظریں مسرت نہانی
مقدس گلی کوچے سب کہہ رہے تھے
سمیٹو سمیٹو نئی زندگانی
صدی سے زیادہ سفر ہو رہا تھا
پیا جب کہ ہم نے وہ دودھ آسمانی
مسیحا کے گھر سے جو چھوٹا تھا چشمہ
وہی بن گیا آج لنگر جہانی
جہاں تک رسائی کا رستہ کٹھن تھا
ہجوم خلائق کی تھی اب روانی
وہی ہر جگہ پر نظر آ رہا تھا
کہ جس نے کہا تھا کبھی لن ترانی
فضا قادیاں کی ہے اکسیر مجھ کو
مری شاد کامی ہے زندہ کہانی

محمد اعظم اکسیرؔ

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم راجہ محمد فاضل صاحب کارکن ایوان محمود ربوہ لکھتے ہیں۔ مکرم بشیر احمد صاحب انصاری ولد مکرم صوفی احمد یار صاحب نصیر آباد عزیز حلقہ غالب ربوہ مختصر علالت کے بعد مورخہ 24 فروری 2005ء کو وفات پا گئے ہیں۔ مرحوم فضل عمر ہسپتال ربوہ کے محنتی کارکن تھے 25 فروری کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں ان کی نماز جنازہ مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی۔ قبرستان عام میں ان کی تدفین ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کرائی۔ آپ کی یادگار 4 بیٹے اور 2 بیٹیاں ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم ماسٹر خان محمد صاحب بلوچ رحمٰن کالونی ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کی اہلیہ مکرمہ بشریٰ صادقہ صاحبہ رحمٰن کالونی ربوہ مورخہ 19 فروری 2005ء کو مختلف عوارض میں مبتلا رہنے کے بعد 68 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ اگلے روز بعد نماز ظہر بیت المہدی میں مکرم مولانا جمیل الرحمٰن صاحب رفیق نے نماز جنازہ پڑھائی بعد ازاں موصیہ ہونے کی وجہ سے بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم سید طاہر محمود صاحب ماجد مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ حضرت میاں نور محمد صاحب امرتسری رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی اور مکرم مولانا محمد صدیق صاحب امرتسری و مکرم باؤ محمد لطیف صاحب اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری ربوہ کی چھوٹی ہمشیرہ تھیں۔ مرحومہ پابند صوم وصلوٰۃ اور بہت مہمان نواز تھیں بیماری کا عرصہ انتہائی صبر و شکر سے گزارا۔ مرحومہ نے پسماندگان میں دو بیٹے اور دو بیٹیاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ بوقت وفات ایک بیٹے کے سوا تمام بچے بیرون ملک مقیم ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور اپنے پیاروں کے قرب میں جگہ عطا کرے نیز پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم مرزا منظور احمد صاحب کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی بیگم صاحبہ کو کینسر ہے۔ جناح ہسپتال اور شوکت خانم ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفایابی کی درخواست دعا ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم صدیق احمد صاحب دارالیمن وسطی حمد (عوامی کریانہ سٹور ربوہ والے) مورخہ 22 فروری 2005ء کو ہارٹ اٹیک کی وجہ سے فضل عمر ہسپتال میں بعمر 52 سال وفات پا گئے۔ مرحوم نہایت نیک شریف النفس، خوش اخلاق انسان اور ایماندار تاجر تھے جماعتی نظام کے پابند اور ہر مالی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے تھے آپ مکرم فقیر محمد صاحب کشمیر ہوٹل والے کے بڑے بیٹے تھے۔ مرحوم نے بیوہ کے علاوہ تین بیٹے اور دو بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ آپ کی نماز جنازہ مورخہ 23 فروری 2005ء کو بعد نماز ظہر بیت المہدی میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی۔ بعد ازاں قبرستان عام ربوہ میں تدفین کے بعد مکرم میر عبدالباسط شاہد صاحب نائب ناظر دعوت الی اللہ نے دعا کروائی۔ نماز جنازہ میں اہل محلّہ کے علاوہ ربوہ کے دکانداران کی کثیر تعداد نے شمولیت کی۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اور تعزیت کیلئے آنے والے سب احباب کو خدا تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے۔

ولادت

مکرم محمد یعقوب صاحب (ریٹائرڈ وارنٹ آفیسر) دارالرحمت وسطی ربوہ لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کی بیٹی مکرمہ امۃ القدیر بشریٰ صاحبہ اور مکرم رئیس احمد صاحب کو 30/اگست 2004ء کو دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچے کا نام تنزیل احمد عطا فرمایا ہے۔ بچہ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ نومولود حضرت مولوی علی شیر صاحب زیروی رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے اور چوہدری ادریس احمد صاحب آف ملتان کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے نومولود کی درازیٔ عمر نیک صالح خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے عاجزانہ درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

مکرم احمد اقبال صاحب ناصر آباد جنوبی ربوہ لکھتے ہیں۔ کہ ان کی بھانجی بینش جاوید صاحبہ بنت مکرم جاوید احمد صاحب راولپنڈی (عمر پانچ سال) کی انتڑیوں کا دوبارہ آپریشن کمپلیکس ہسپتال اسلام آباد میں ہوا ہے۔ احباب دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ بچی کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

ڈلوال میں احمدیت کا نفوذ اور ہمارے خاندانی حالات

قسط اول

باغات اور چشموں کے شہر چوآ سیدن شاہ سے کوئی چھ میل مغرب میں واقع ڈلوال کا قصبہ ایک سرسبز وشاداب وادی کی صورت میں واقع ہے جہاں کی فضا اور آب و ہوا نہایت خوشگوار ہے۔ پہلے اس کا ضلعی صدر مقام جہلم تھا لیکن جب سے چکوال کو ضلع کا درجہ دیا گیا ہے ڈلوال کو اس نئے ضلع میں شامل کر دیا گیا ہے۔ ڈلوال آبادی اور رقبہ کے لحاظ سے اپنے اردگرد کے سب دیہات سے بڑا ہے اور سارے علاقہ میں اس کی بڑی اہمیت ہے۔ یہاں 1900ء میں بیلجیئم مشن نے ہائی سکول قائم کیا جس سے اردگرد کے علاقہ کو تعلیمی لحاظ سے بہت فائدہ پہنچا۔ اس فوجی خطے کے کئی بریگیڈئر اور جرنیل میٹرک تک ڈلوال مشن ہائی سکول میں تعلیم پاتے رہے۔ اس زمانہ میں فوج میں کمیشن حاصل کرنے کے لئے میٹرک تک ہی تعلیم لازمی تھی۔

ڈلوال کا قریبی گاؤں دوالمیال حضرت مسیح موعود کے زمانہ سے ہی احمدیت کی برکت اور جماعت کی تعداد کے لحاظ سے علاقہ بھر میں خاص اہمیت اور شہرت رکھتا ہے۔ پہلے احمدی جرنیل ملک نذیر احمد صاحب کا تعلق دوالمیال ہی سے تھا اور ڈلوال کے پہلے احمدی خاکسار کے والد محترم راجہ فضل داد خان رئیس ڈلوال تھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے ان کے قبول احمدیت کے سلسلہ میں حضرت مسیح موعود کا یہ پیارا مصرع صادق آتا ہے:۔ ع

جس کی فطرت نیک ہے وہ آئے گا انجام کار

حق کی پہلی آواز

والد محترم نے خود خاکسار کو سنایا کہ جب وہ ڈلوال مشن سکول میں پڑھتے تھے تو اس وقت دوالمیال کے کچھ احمدی طلباء بھی اس سکول میں زیر تعلیم تھے۔ والد صاحب بتاتے تھے کہ انہوں نے ان طلباء کو درثمین کی وہ خوبصورت نظم خوش الحانی سے پڑھتے ہوئے کئی بار سنا جس کا پہلا شعر یہ ہے۔

کبھی نصرت نہیں ملتی در مولیٰ سے گندوں کو
کبھی ضائع نہیں کرتا وہ اپنے نیک بندوں کو

والد محترم بتاتے تھے کہ جب وہ یہ دلآویز الفاظ مترنم آواز میں سنتے تھے ان کے قلب و ذہن پر خاص اثر ہوتا تھا۔ اور یہی حق کی پہلی آواز تھی جو ان کے کان میں پڑی اور دل میں اترتی چلی گئی۔

ڈلوال اور اس کے اردگرد کا علاقہ فوجی خطے کے طور پر مشہور تھا اور ہمارے دادا راجہ پناہ خان صاحب بھی فوج میں ترقی پا کر کمانڈر انچیف کے سپیشل باڈی گارڈ دستہ میں شامل ہو گئے تھے جس کی ایک وجہ یہ تھی کہ آپ چھ فٹ سے اونچے قد کے نہایت ہی مضبوط وجیہہ اور بارعب شخصیت کے مالک تھے لیکن انہوں نے اپنے واحد زندہ بیٹے (یعنی ہمارے والد محترم) کو فوج میں بھیجنا پسند نہ کیا بلکہ ڈلوال سکول سے میٹرک پاس کرنے کے بعد ہمارے والد محترم کو ایگریکلچرل کالج لائلپور (حال فیصل آباد) میں داخل کرا دیا۔ اب یہ ادارہ ترقی اور وسعت پا کر ایگریکلچرل یونیورسٹی فیصل آباد میں تبدیل ہو چکا ہے۔ اس کالج میں بھی والد محترم کی ملاقات کچھ احمدی طلباء سے ہو گئی جن میں سے ایک ترقی پا کر کمانڈر عبداللطیف بنے اور پھر ایگریکلچرل کالج کے پرنسپل مقرر ہوئے کمانڈر صاحب ایگریکلچرل کالج کے آخری پرنسپل تھے کیونکہ اس کے بعد یہ ادارہ ایگریکلچرل یونیورسٹی (فیصل آباد) بن گیا۔ اور یونیورسٹی کا سربراہ وائس چانسلر کہلاتا ہے۔ والد محترم کو ایگریکلچر لائن بہت راس آئی۔ وہ اس طرح کہ انہوں نے ملازمت تو زیادہ عرصہ نہیں کی لیکن زراعتی کالج سے حاصل کئے گئے علم اور تجربہ کی بنا پر وہ تقریباً پانچ مربع زرعی اراضی کے مالک ہونے کی حیثیت میں اپنی زمینوں کا انتظام بہت عمدگی سے کرتے رہے اور مزارعین کو بھی مفید مشورے دیتے رہے۔

حضرت راجہ علی محمد صاحب کا نیک اثر

حضرت راجہ علی محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود (بیعت 1905ء) سلسلہ عالیہ کے ایک معروف بزرگ اور متدین و پروقار شخصیت تھے ان کا آبائی گاؤں چوآ سیدن شاہ سے مشرق کی طرف سے کچھ فاصلہ پر واقع تھا اور کوٹ راجگان کہلاتا تھا۔ جماعت احمدیہ لاہور کے ایک مخلص خادم سلسلہ مکرم راجہ غالب احمد صاحب حضرت راجہ علی محمد صاحب کے فرزند ہیں۔ جب میرے والد صاحب راجہ فضل داد خان نے کچھ عرصہ کے لئے لاہور وغیرہ میں ملازمت کی تو راجہ علی محمد صاحب، جو افسر مال کے عہدے پر تعینات تھے، کی نیک صحبت اور گفتگو کا والد صاحب پر بہت اچھا اثر پڑا۔ اسی طرح خوش قسمتی سے والد صاحب کی ملاقات لاہور ہی میں خان بشیر احمد خان صاحب سے ہوئی جو کپورتھلہ جیسی خوش قسمت جماعت کے معروف بزرگ حضرت محمد خان کے منجھلے صاحبزادے تھے۔ والد صاحب کے قبول احمدیت کے بعد ان کی شادی خان بشیر احمد خان صاحب کی دوسری بیٹی محترمہ سعیدہ بیگم صاحبہ سے ہو گئی۔ اس طرح حضرت محمد خان صاحب ہماری والدہ محترمہ سعیدہ بیگم صاحبہ کے سگے دادا اور ہم بہن بھائیوں کے پڑنانا ہوئے۔ والد صاحب کی شادی کے بعد ڈلوال میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے پہلا احمدی گھرانہ قائم ہو گیا اور والد صاحب کا دوالمیال جماعت کے ساتھ ملنا جلنا بہت بڑھ گیا۔ الحمدللہ۔

والد محترم کا جذبہ استقلال وایثار

ہمارے والد صاحب محترم راجہ فضل داد خان بیعت کے بعد بفضلہٖ تعالیٰ ہمیشہ ثابت قدم رہے۔ اس زمانہ میں وہ ڈلوال میں اکیلے احمدی تھے لیکن ان کے اعلیٰ اخلاق اور کردار کی وجہ سے پورا علاقہ ان کا احترام کرتا تھا۔ ہمارے دادا صاحب راجہ پناہ خان بس لکھے پڑھے آدمی تھے۔ اگرچہ انہیں احمدیت قبول کرنے کی سعادت نصیب نہیں ہوئی لیکن انہوں نے والد صاحب کی کبھی مخالفت نہیں کی اور نہ ہی احمدیت کے متعلق کبھی منفی ردعمل ظاہر کیا جیسا کہ اس علاقہ کے عام لوگوں کا دستور تھا۔

صاحب جائیداد ہونے کی وجہ سے ہمارے والد صاحب بفضلہٖ تعالیٰ علاقے کے متمول انسان تھے اور رئیس ڈلوال کہلاتے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد انہیں علاقے میں واقع کچھ Coal Mines اور اس کے ساتھ مزید کوئلے کی کانوں کا کاروبار وسیع کرنے کے لئے کچھ پہاڑی سلسلہ گورنمنٹ کی طرف سے لیز (Lease) پر مل گیا۔ اس طرح ان کا سرکاری افسران سے تعلق اور علاقے میں اثر ورسوخ اور بڑھ گیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کو اور ان کے کنبہ کو مخالفین و حاسدین کبھی ظاہری نقصان نہیں پہنچا سکے۔ خاکسار کو یاد پڑتا ہے کہ پاکستان بننے سے کچھ عرصہ بعد جبکہ بڑی تنگی اور عسرت کا زمانہ تھا، کئی دفعہ ایسا ہوا کہ حالات سے مجبور کچھ مہاجرین ڈلوال آ جاتے تو لوگ انہیں ہمارے والد صاحب کا پتہ بتاتے کہ وہ آپ لوگوں کی مالی امداد کریں گے اور بفضلہٖ تعالیٰ والد محترم کو ایسی خدمتوں اور نیکیوں کی خوب توفیق ملتی تھی۔

تقسیم ہند کے موقع پر دعا اور تدبیر

ہمارے قصبہ ڈلوال میں ہندوؤں کی بھی کچھ تعداد رہتی تھی جن میں کئی صاحب جائیداد بھی تھے۔ تقسیم ملک کے موقع پر وسیع پیمانے پر فسادات کا اثر وہاں بھی ظاہر ہوا۔ ان دنوں ہمارے والد صاحب جگر کی خرابی کی وجہ سے بہت علیل اور کمزور تھے۔ آپ کو خدشہ پیدا ہوا کہ لاقانونیت کے ان ایام میں کوئی دشمن ہمارے گھرانے کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے کا قصد نہ کرے چنانچہ بیماری اور کمزوری کے باوجود آپ کی ایمانی غیرت اور خاندانی جرأت نے خوب کام کیا۔ آپ ہمت کر کے بستر سے اٹھے۔ وضو کیا اور دو نالی بندوق اور کارتوسوں کا ایک ڈبہ نکال کر اپنے پاس رکھے اور اللہ کے حضور نفل پڑھنے میں محو ہو گئے۔ سجدوں میں دعا کے دوران آپ کے دردبھرے الفاظ اور آہ وبکا صاف سنائی دیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر طرح سے فضل فرمایا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔

صوم وصلوٰۃ کی پابندی

احمدیت کی برکت سے والد محترم بہت پابندی اور خشوع وخضوع سے نمازیں ادا کرتے تھے۔ رمضان میں باقاعدہ روزے رکھتے اور ہر سال اپنے پڑوس میں رہائش رکھنے والے ایک مسکین اور ضعیف بزرگ بابا دوست محمد صاحب کو باقاعدگی سے دو وقت کا کھانا یعنی سحری اور افطاری خود ان کے گھر پہنچاتے۔ یہ ڈیوٹی اپنے کسی بیٹے یا ملازم کے سپرد نہ کرتے۔ آپ ڈلوال کے حاجت مندوں اور بیماروں کا بھی بہت خیال رکھتے تھے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ارشاد ہوا ہے کہ الٰہی افضال اور نعمتوں کا اثر انسان کی اپنی شخصیت پر بھی نظر آنا چاہئے۔ آپ اپنے اہل وعیال کی جائز ضروریات واخراجات کا مناسب خیال رکھتے تھے۔ آپ خود بہت وضع دار شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کا لباس صاف ستھرا اور بے شکن ہوتا۔ آپ عام طور پر شلوار قمیص استعمال کرتے تھے اور اوپر کوٹ پہنتے تھے۔ سر پر کلہ اور طرہ والی پگڑی ہوتی تھی اور ہاتھ میں بید کی چھڑی۔ خاص مواقع پر انگریزی سوٹ یا کوٹ پتلون زیب تن کرتے تھے۔ گرمیوں میں پتلون اور بوشرٹ استعمال کرتے تھے۔ آخری عمر میں پگڑی کی جگہ گول قراقلی ٹوپی نے لے لی تھی۔ آپ تیز تیز قدموں سے چلتے تھے اور اپنے لباس میں بہت باوقار لگتے تھے۔

انفاق فی سبیل اللہ کا اہتمام

والد صاحب نیک کاموں اور رفاہ عامہ کی خاطر کھلے دل سے خرچ کرتے تھے تقسیم ہند کے بعد کے کٹھن دور میں آپ نے ڈلوال ہسپتال میں دواؤں اور گورنمنٹ پرائمری سکول کو بہتر عمارت میں منتقل کرنے کی کامیاب کوششیں کیں۔ جماعتی چندوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ تحریک جدید کے اولین پانچ ہزاری مجاہدین میں شامل تھے۔ الحمدللہ خاکسار نے آپ کے چندہ تحریک جدید کو زندہ رکھنے کی توفیق پائی ہے۔ فضل عمر ہسپتال اور دفتر انصاراللہ مرکزیہ کی تعمیر جن میں خصوصی چندہ دہندگان کے نام ان عمارت میں سنگ مرمر کی بڑی تختیوں پر کندہ کر دیئے گئے تھے

ان میں والد صاحب کا نام بھی شامل تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ہم سب بہن بھائی تقریباً سکول جانے کی عمر کے تھے۔ ہمارے والد صاحب اپنی مالی قربانیوں کا ہمارے ساتھ ذکر نہیں کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی جملہ مالی نیکیاں اور جماعتی خدمتیں قبول فرمائے۔ آمین

ڈلوال کا تاریخی مناظرہ

خاکسار نے جب 1985ء میں بیرون ملک سے مستقل طور پر پاکستان واپس آ کر ربوہ میں سکونت اختیار کر لی تو کچھ عرصہ کے بعد خیال آیا کہ جماعت کی جانب سے مناظرہ ڈلوال میں شرکت کرنے والے دو بزرگوں حضرت مولوی محمد حسین صاحب (سبز پگڑی والے) اور مکرم مولانا احمد علی شاہ صاحب (جو ان دنوں نائب ناظر اصلاح و ارشاد کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے) سے ملاقات کا شرف حاصل ہوتا رہتا ہے تو ان قابل احترام بزرگوں سے ڈلوال کے مناظرہ کے کچھ حالات بھی سننے کی سعادت حاصل کی جائے۔ چنانچہ خاکسار باری باری ان دونوں بزرگوں کے پاس حاضر ہوا۔ اور مناظرہ سے متعلق ایمان افروز واقعات سنے۔ محترم مولانا احمد علی شاہ صاحب نے بتایا کہ ڈلوال میں یہ مناظرہ فروری 1942ء میں احمدیوں اور مخالفین کے درمیان ہوا تھا۔ مخالف گروہ کے بڑے مناظر مولوی لال حسین اختر تھے۔ جماعت احمدیہ کے مناظر اعلیٰ محترم محمد یار عارف تھے جو علم و فضل اور اخلاق کا عمدہ نمونہ تھے۔ جب خاکسار سکول کا طالب عالم تھا تو ہمارے والد محترم راجہ فضل داد خان مرحوم نے ایک سے زائد مواقع پر خاکسار کو اس مناظرے کے انعقاد کی وجہ اور آغاز کی کہانی بتائی۔ والد محترم فرماتے تھے کہ ایک دفعہ جب وہ اپنی زمینوں کے دورے پر (ضلع سرگودھا) گئے ہوئے تھے تو مولوی لال حسین اختر ڈلوال آ کر مسجد خواجگان میں مقیم ہوئے اور لوگوں سے پوچھا کہ یہاں بھی کوئی قادیانی ہے؟ تو لوگوں نے والد صاحب کا نام لیا۔ جب والد صاحب زمینوں سے واپس آئے اور انہیں اس بات کا پتہ چلا تو وہ خود مسجد خواجگان میں پہنچ گئے۔ ابتدائی گفتگو کے بعد مولوی لال حسین اختر سے مناظرہ کی بات چل پڑی اور والد صاحب نے مرکز قادیان میں ساری اطلاع تحریراً عرض کر دی اور اس طرح مقررہ تاریخ تک ہمارے تینوں فاضل مناظر جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے، تشریف لے آئے اور اس طرح ڈلوال کی جامع مسجد (مسجد خواجگان) میں یہ تاریخی مناظرہ ہوا۔ اور علاقہ بھر کے لوگوں تک احمدیت کا پیغام پہنچا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے والد صاحب اور آپ کے اہل خانہ اور خادمان کو ان دنوں میں بہت خدمت کا موقع ملا۔ ارد گرد کے احمدی احباب پورے ایمانی جذبہ اور ذوق و شوق سے یہ مناظرہ سننے کے لئے ڈلوال آئے۔ ان سب احباب کے کھانے کا مکمل بندوبست ہمارے والد محترم اپنے وسیع و عریض گھر پر کرتے۔ یہ حویلی نما گھر جو دو منزلوں پر مشتمل ہے آج بھی موجود ہے اوپر والی منزل گھر والوں کا رہائشی حصہ تھا اور نچلی والی منزل پر آرام دہ مہمان خانہ اور وسیع صحن موجود تھا۔ بہت سے احباب شام کو واپس اپنے گھروں میں چلے جاتے تھے لیکن کچھ دور دراز کے دوست رات کو بھی ہمارے گھر میں ہی قیام فرماتے تھے۔ اس مناظرے کا مختصر سا ذکر تاریخ احمدیت میں بھی محفوظ ہے۔

احمدی کی امتیازی شان

خدا تعالیٰ کے فضل سے احمدیت قبول کرنے والوں کی کایا ہی پلٹ جاتی ہے اور ان کے دین و دنیا نکھر اور سنور جاتے ہیں۔ ہمارے والد محترم فرماتے تھے کہ ہم جب کبھی ٹرین یا بس میں سفر کر رہے ہوتے تھے تو ہم اعلیٰ اخلاق اور اطوار کی بنا پر پہچان لیتے تھے کہ اس ڈبے یا بس میں فلاں دوست بھی احمدی ہیں اور پھر بڑے تپاک اور اخلاص سے ایک دوسرے کو ملتے اور باتیں کرتے تھے۔ یہاں پر خاکسار کو یہ خوبصورت مصرع یاد آ رہا ہے: ع

کہ قدرت خود بخود کرتی ہے لالے کی حنا بندی

جیسا کہ پہلے تحریر کیا گیا ہے ڈلوال میں کچھ ہندو گھرانے بھی سکونت پذیر تھے جو نقل آبادی کے موقع پر ڈلوال چھوڑ کر ہندوستان چلے گئے۔ اس فساد کے زمانہ میں اس عبوری دور میں دور دراز کے دیہاتی علاقوں میں انتظامیہ کی عدم موجودگی کے باعث ڈلوال کے کئی لوگوں نے ہندوؤں کی متروکہ املاک پر قبضہ کر لیا۔ ہمارے والد صاحب کے ایک قریبی رشتہ دار نے اپنے پڑوس میں واقع ایک ہندو کی زمین اپنے گھر کے ساتھ ملا لی۔ کچھ عرصہ کے بعد جب علاقے کے حکام امن و امان قائم کرنے اور ناجائز قبضہ کی تحقیق کرنے ڈلوال پہنچے تو انہوں نے ہمارے والد صاحب کے ان قریبی رشتہ دار کے بیان کی سچائی کو پرکھنے کے لئے کہا کہ ڈلوال کی قابل اعتماد اور تعلیم یافتہ شخصیت راجہ فضل داد خان جو گواہی دیں گے ہم اسے درست تسلیم کر لیں گے اور اس کے مطابق فیصلہ صادر کریں گے۔ اس پر والد صاحب نے صاف صاف اور برملا بیان کیا کہ یہ زمین ہندوؤں کی ہے۔ جو ان کے عزیز نے اپنے قبضے میں لے لی ہے چنانچہ سرکاری فیصلہ ان صاحب کے خلاف گیا۔ بعد میں والد صاحب کے وہ عزیز اور ان کے اہل خانہ ایک لمبے عرصہ تک اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے رہے کہ والد صاحب نے اپنے قریبی رشتہ دار کے خلاف بیان دے کر انہیں نقصان اور ندامت سے دوچار کیا ہے۔ اس پر ہمارے والد محترم یہی فرماتے تھے جو حق بات تھی میں نے وہی کہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ جرأت اور حق گوئی سب احمدیت کی برکت اور تقویٰ کا ثمرہ تھا۔

دوسرے احمدی گھرانے کی بنیاد

ڈلوال کے رشتہ داروں میں سے والد محترم کے بھانجے راجہ محمد نواز صاحب ہمارے والد صاحب کو بہت عزیز تھے اور ہمارے کزن راجہ محمد نواز صاحب کا بچپن سے ہی ہمارے گھر میں بہت آنا جانا تھا جیسا کہ بھائی محمد نواز صاحب نے مجھ سے خود کئی بار ذکر کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے والد صاحب کے اثر اور جماعت دوالمیال کے ایک بزرگ حضرت مولوی کرم داد صاحب (رفیق حضرت مسیح موعود) کی نیک مجلس پُر خلوص دعوت اور دعا کے نتیجہ میں راجہ محمد نواز صاحب نے احمدیت قبول کر لی۔ یہ بات راجہ محمد نواز صاحب نے خود کئی بار خاکسار کو سنائی تھی۔ اور یہ واقعہ پاکستان بننے سے کئی سال پہلے کا ہے۔ گو ان کی اہلیہ محترمہ نے اس وقت احمدیت قبول نہیں کی لیکن بہر حال ڈلوال میں دوسرے احمدی گھرانے کا آغاز ہو گیا۔

اس سلسلہ میں ایک بات قابل ذکر ہے کہ ہمارے دادا صاحب کے برعکس، جنہوں نے اپنے بیٹے (راجہ فضل داد خان) کے احمدی ہو جانے پر کوئی مخالفانہ ردعمل نہیں دکھایا تھا، بھائی محترم راجہ محمد نواز صاحب کے والد صاحب راجہ مواز خان نے ان کے قبول احمدیت پر زبردست رنج و طیش اور مخالفت کا اظہار کیا حتیٰ کہ ان کو گھر سے بے دخل کر دیا اور ہمارے والد صاحب سے بھی سخت ناراضگی اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تم نے میرے بیٹے کو مرزائی بنا لیا ہے۔ نیز انہوں نے سالہا سال تک ہمارے والد صاحب سے قطع تعلق کیے رکھا۔

اپنے والد راجہ مواز خان صاحب کے انتہائی سخت اور بے دردانہ سلوک کی وجہ سے راجہ محمد نواز صاحب قادیان دارالامان چلے گئے اور اپنے آپ کو جماعت کی خدمت کے لئے پیش کر دیا۔ ڈلوال میں سکونت کے دوران آپ سرکاری عمارتوں اور سڑکوں کی ٹھیکیداری کا کام کرتے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد احمدیت کے مرکز ربوہ میں نئی جماعتی عمارتوں کی تعمیر کی نگرانی اور انتظام کے سلسلہ میں آپ نے جماعتی خدمت کی توفیق پائی۔ ان عمارات میں دفاتر تحریک جدید کی تعمیر کا کام بھی شامل ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اور اپنے بیٹے راجہ محمد نواز صاحب کا مسلسل حسن سلوک دیکھ کر آخر ان کے والد راجہ مواز صاحب نے ان کی مخالفت ترک کر دی بلکہ کبھی کبھار بھائی نواز صاحب کے مکان واقع ربوہ میں بھی آ کر قیام کرتے تھے۔ تقسیم ہند 1947ء کے موقع پر وہ خود چل کر ہمارے والد راجہ فضل داد خان مرحوم کے پاس آئے اور ان سے رنجش دور کی اور کوئلے کی کان (Coal Mines) کے کاروبار کا آغاز ان کے اشتراک سے شروع کیا۔

باہمی تعلق اور پیار

ایک تو بھائی محمد نواز صاحب رشتہ میں ہمارے والد محترم کے بھانجے تھے۔ اس پر احمدیت کے رشتہ نے سونے پر سہاگے کا کام کیا اور دونوں میں پیار و محبت اور باہمی ملنا ملانا گویا کہ ایک ہی گھر والی بات ہو گئی۔ ہمارے والدین اکرام و محبت سے ان کو ہمیشہ محمد نواز خان کہہ کر مخاطب کرتے تھے اور بھائی محمد نواز صاحب اس بات پر بے حد شاداں تھے اور انہوں نے مجھ سے کئی بار اس بات کا ذکر کیا کہ ماموں جی اور ممانی جان میرا نام بہت چاہت اور شفقت سے پکارتے ہیں حالانکہ لفظ خان میرے نام کا حصہ بھی نہیں ہے۔ ہمارے والد صاحب بہت کم لوگوں کے ساتھ بے تکلف ہوتے تھے ان میں سے ایک ان کے عزیز بھانجے راجہ محمد نواز صاحب تھے جن کے ساتھ وہ مناسب مذاق اور بے تکلفی کی باتیں کر لیتے تھے۔ والد محترم بہت رکھ رکھاؤ والے اور متین و نفیس مزاج کے مالک تھے۔ وہ وقتاً فوقتاً اپنے رشتہ داروں سے ملنے ان کے گھر پر بھی جایا کرتے تھے۔ ہمارے علاقہ کے لوگوں میں یہ رواج تھا کہ وہ اپنے رشتہ داروں کے گھروں میں بغیر سلام دعا یا بیرونی دروازے پر دستک دیئے اندر داخل ہو جاتے تھے لیکن احمدی روایات سے بہرہ مند ہمارے والد محترم ہمیشہ اپنی بید کی چھڑی سے دروازہ کھٹکھٹاتے تھے۔ گویا یہ دستک ان عزیز و اقارب کے لئے شناخت کا کام دیتی کہ راجہ صاحب آ رہے ہیں۔ ہمارے والد محترم کو ادب سے لوگ راجہ صاحب یا سادہ مزاج لوگ 'راجہ جی' کہہ کر پکارتے تھے۔ بھائی محمد نواز صاحب بتاتے تھے کہ ماموں جی کھانے پینے کے معاملہ میں بہت احتیاط برتتے تھے اور فقط دو تین رشتہ داروں کے گھروں سے بوقت ضرورت پانی کا گلاس پی لیا کرتے تھے البتہ بھائی نواز صاحب کے ساتھ گھر والی بے تکلفی تھی اور بھائی صاحب کو بھی جب ڈلوال میں قیام کا موقع ملتا وہ اکثر اپنے ماموں کے پاس آ جاتے اور بہت لمبی مجلسیں ہوتیں۔ دونوں ماموں بھانجا خاندان حضرت مسیح موعود کے ساتھ بہت محبت کا تعلق رکھتے تھے۔ اور موسم گرما اور موسم بہار میں حضرت مصلح موعود، حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔اے اور خاندان کے دوسرے بزرگ اکابر کی خدمت میں اپنے علاقہ کے دو خاص تحفے یعنی عمدہ قسم کے انار اور خالص عرق گلاب بڑے اہتمام اور اخلاص سے پیش کیا کرتے تھے۔ نیز ملاقات اور مشورے کے لئے ان کی خدمت میں حاضر ہونا اپنی سعادت سمجھتے تھے۔

عیدین پر خاص اہتمام

عیدین کا موقع روحانی مسرت اور پُر لطف عبادت کے ساتھ ساتھ دنیوی خوشی اور رونق کا بھی سماں پیش کرتا ہے۔ ہمارے والد محترم نے ایک عمدہ کپڑے کی شیروانی بنوا رکھی تھی جو صرف عیدین کے موقع پر پہنتے تھے۔ سفید شلوار اور سفید کلے دار پگڑی کے ساتھ انہیں یہ شیروانی بہت سجتی تھی۔ وہ ہمیشہ ایک اچھی نسل کی گھوڑی بھی رکھتے تھے جس پر سوار ہو کر وہ جمعہ اور عیدین کی نماز پڑھنے دوالمیال جاتے تھے جہاں بفضلہ تعالیٰ ایک مضبوط اور مخلص جماعت اور ایک خوبصورت اور کشادہ بیت الذکر موجود تھی جسے چند سال پہلے مزید دیدہ زیب اور وسیع بنایا گیا ہے۔ جب عید کے موقع پر بھائی محمد نواز صاحب بھی ڈلوال آئے

ہوتے تو اپنے بائیسکل پر سوار ہوتے اور دونوں ماموں اور بھانجا بڑے اخلاص اور ذوق وشوق سے دوالمیال کے لئے روانہ ہوتے۔ اس زمانہ میں ہم تین بھائی جو سکول کی عمر کے تھے اور مختلف کلاسوں کے طالب علم تھے، راستے کی رونقوں سے محظوظ ہوتے ہوئے دوالمیال پہنچ جاتے۔ محترم قاضی عبدالرحمٰن صاحب امیر جماعت دوالمیال نماز پڑھاتے تھے۔ ان کے ایک صاحبزادے مکرم ملک مبارک احمد مرحوم جامعہ احمدیہ میں جید استاد تھے اور عربی زبان کے ماہر کے طور پر معروف تھے۔ محترم قاضی عبدالرحمٰن صاحب مرحوم، خاکسار کے والد محترم راجہ فضل دادخاں مرحوم اور بھائی محمد نواز صاحب مرحوم کے درمیان محبت اور اخوت کا تعلق اپنی مثال آپ تھا۔ عید کے دن ہمارے سامنے والد محترم اور بھائی محمد نواز صاحب سے باتیں کرتے ہوئے محترم قاضی عبدالرحمٰن صاحب امیر جماعت دوالمیال بڑی محبت اور اپنائیت سے فرمایا کرتے تھے کہ جب احباب جماعت مجھ سے دریافت کرتے ہیں کہ عید کی نماز پڑھنے کا کیا وقت مقرر ہوا ہے تو میں بڑی خوشدلی سے جواب دیتا ہوں کہ جب ڈلوال کے دوست پہنچیں گے تو نماز شروع ہو جائے گی۔

اللہ اللہ! کس قدر پاک دل اور احمدیت کے حوالے سے ایک دوسرے کے شیدائی تھے یہ لوگ!!

لطف وعنایت کی باتیں

اب نماز عید کے بعد کا قصہ سنیئے! عید کی نماز کے بعد سب احباب آپس میں اور ہم ڈلوال سے شامل ہونے والوں کو خاص طور پر بے حد تپاک سے عید ملتے۔ اس کے بعد بزرگوارم قاضی عبدالرحمٰن صاحب بڑی چاہت اور دلی بشاشت کے ساتھ ہم ڈلوال والوں کو چند دوسرے قریبی عزیزوں اور دوستوں کے ساتھ اپنے گھر لے جاتے۔ ان کے گھر کے وسیع صحن کی ایک جانب ایک بڑا سا ہوادار اور اونچی چھت والا کمرہ تھا جسے مقامی زبان میں بیٹھک (یوں سمجھئے کہ Sitting room) کہتے ہیں۔ عید کے موقع پر اس کمرے میں صفائی۔ ستھرائی اور رنگدار پایوں والی لمبی لمبی چارپائیوں پر عمدہ چادریں بچھانے کا خاص اہتمام ہوتا تھا۔ کمرے کے درمیان میں صاف ستھری دری پر دسترخوان بچھایا جاتا اور سب مہمانوں کو عید کا پرتکلف کھانا پیش کیا جاتا۔ اس پاکیزہ اور بے تکلف محفل میں رونق ومسرت کے خوبصورت نظارے دکھائی دیتے۔

احساس وجذبات کا مقابلہ

ہمارے والد محترم بہت ہی محتاط اور حساس طبیعت کے مالک تھے۔ انہیں خیال گزرتا کہ محترم قاضی صاحب پر مہمانوں کا بہت بوجھ ہو جاتا ہے چنانچہ انہوں نے ایک آدھ دفعہ کوشش کی کہ ہم نماز عید کے لئے ساتھ جانے والے تینوں بھائی نماز عید کے بعد کی ضیافت میں شامل نہ ہوں اور نماز عید سے فارغ ہونے کے بعد بیت الذکر میں ہمیں اشارہ کیا کہ ہم یہیں سے سیدھے ڈلوال روانہ ہو جائیں لیکن اگر ادھر احساس وگداز کی شدت تھی تو ادھر شفقت ومحبت کا جذبہ بھی کچھ کم نہ تھا۔ ہوا یوں کہ ہم دو تین قدم بھی چلے ہوں گے کہ محترم قاضی صاحب کی نظر ہم پر پڑ گئی۔ انہوں نے ہمیں فوراً روک لیا اور ہمارے والد صاحب سے دوستانہ رنگ میں بہت شکوہ کیا کہ بچوں کو اس طرح کیوں بھیج رہے ہیں۔ وہ لازماً عید کی دعوت میں شامل ہوں گے۔ سبحان اللہ! یہ تھیں ان لوگوں کی باہمی محبتیں اور قربتیں جو احمدیت کے رشتہ نے انہیں عطا کی تھیں۔

آہ! وہ ہستیاں اور وہ شفقتیں!!

تیری یاد کے جگنو چمکے
دیر تک آنکھ میں آنسو چمکے

ہمارے والد صاحب بھی محترم قاضی صاحب سے بے حد برادرانہ اور محبانہ تعلقات رکھتے تھے اور مختلف مواقع پر محترم قاضی صاحب کو ڈلوال آنے کی دعوت دیتے تھے۔ محترم قاضی صاحب ہماری ڈلوال والی حویلی کی نچلی منزل پر واقع وسیع اور آرام دہ مہمان خانے میں اترتے اور کئی کئی دن قیام فرما رہتے۔ باجماعت نمازوں کا خوب التزام ہوتا اور پاکیزہ اور خوشگوار محفلیں منعقد ہوتیں۔ ایسے مواقع پر عصر کی نماز کے بعد ہمارے والد محترم کی طرف سے پرتکلف چائے پر ڈلوال کے کچھ معززین بھی مدعو ہوتے اور دعوت الی اللہ کا خاص اہتمام کیا جاتا۔

مسلسل محنت اور آخری بیماری کے آثار

ہمارے والد محترم کا کوئی سگا بھائی نہ تھا اور وہ اپنے آپ کو اکیلا اور تنہا خیال کرتے تھے لیکن احمدیت کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے انہیں نو بیٹے اور بیٹیاں عطا فرمائے اور ان کا گھر رونقوں اور خوشیوں سے بھر دیا۔ دنیاوی لحاظ سے بھی والد محترم پر اللہ کا بڑا فضل تھا۔ انہوں نے رزق حلال سے اپنے بچوں کو پالا اور ان کی تعلیم وتربیت کا خوب خیال رکھا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ان کی ساری اولاد اعلیٰ تعلیم یافتہ بنی اور ہر لحاظ سے خوش قسمت اور کامیاب رہی۔ بہرحال ماحول کے رکھ رکھاؤ گھر کے اچھے معیار اور جملہ اخراجات کے لئے ہمارے والد صاحب کو اپنی زمینوں کی دیکھ بھال اور کوئلے کی کانوں (Coal Mines) کے کاروبار کے لئے مسلسل محنت، نگرانی اور سفر اختیار کرنا پڑتا تھا۔ عمر کے ساتھ ساتھ ان کی صحت پر اثر پڑنے لگا اور اگست 1959ء میں بوجہ بخار اور کمزوری کے بیمار رہنے لگے۔ چنانچہ انہیں راولپنڈی کے مشہور امریکن ہسپتال ہولی فیملی میں داخل کرایا گیا۔ جون 1959ء میں ہماری بڑی ہمشیرہ صاحبہ کی شادی ڈاکٹر راجہ نذیر احمد صاحب سے ہوئی تھی اور اسی سال ہمارے بڑے بھائی راجہ بیرم خان صاحب مرحوم تعلیم سے فارغ ہوئے تھے۔ باقی ہم سب بہن بھائی مختلف کلاسوں کے طالب علم تھے۔ پنڈی کے سفر میں بھائی محمد نواز

باقی صفحہ 12 پر

(مکرم ثاقب محمود عاطف صاحب)

21واں سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ آسٹریلیا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مجلس خدام الاحمدیہ اور مجلس اطفال الاحمدیہ آسٹریلیا کا 21واں سالانہ اجتماع مورخہ یکم تا 3 ر اکتوبر 2004ء کو (......) بیت الھدیٰ سڈنی میں منعقد ہوا (الحمدللہ)۔ اس روحانی اجتماع میں سڈنی کے علاوہ ایڈیلیڈ، برزبین، میلبورن اور کینبرا کے خدام اور اطفال نے نہایت جوش وخروش سے شرکت کی۔ اس کے علاوہ انصاراللہ کی ایک کثیر تعداد نے بھی خدام اور اطفال کے اس اجتماع میں شرکت کی۔

اجتماع کی تیاریاں

حسبِ سابق اجتماع کی تیاریاں کافی پہلے سے شروع کر دی گئی تھیں۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمتِ میں دعا کیلئے خط لکھا گیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازاہِ شفقت خدام کے لئے محبت بھرا پیغام بھجوایا جو کہ اجتماع کی اختتامی تقریب میں صدر مجلس خدام الاحمدیہ آسٹریلیا مکرم فیروز علی صاحب نے پڑھ کر سنایا۔

اجتماع کی تیاری کے سلسلہ میں متعدد وقارِ عمل کئے گئے جس میں خدام اور اطفال کی بھاری تعداد شرکت کرتی رہی۔ حسبِ سابق اس سال بھی بیت الذکر کے دونوں ہالز اجتماع کیلئے استعمال کئے گئے۔ اجتماع گاہ کے سٹیج کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا۔ ﴿فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ﴾ والی آیت کے نیچے منارۃ المسیح کے سائے میں آسٹریلیا کے نقشہ کے اوپر اجتماع 2004ء کندہ تھا۔

پہلا دن

پروگرام کے مطابق اجتماع کا آغاز نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے بعد ہوا۔ مختصر ورزشی مقابلوں کے بعد مکرم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ آسٹریلیا کی صدارت میں مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوا۔ خدام واطفال کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ جمعہ براہ راست سننے کا انتظام تھا۔

دوسرا دِن

دوسرے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نمازِ فجر کے بعد مکرم اظہر محمود ناصر صاحب نے درس قرآن دیا۔ پرچم کشائی کے بعد محترم امیر صاحب نے دعا کرائی۔

افتتاحی تقریب

صبح نو بجے اجتماع کی افتتاحی تقریب مکرم سید علی سجاد شاہ صاحب کی تلاوتِ قرآن کریم سے شروع ہوئی۔ اس کے بعد مکرم صدر صاحب نے خدام کا عہد اردو اور انگریزی میں دہرایا۔ مکرم اظہر خان صاحب نے حضرت مصلح موعود کی نظم ہے دستِ قبلہ نما، خوبصورت آواز میں پیش کی۔ اس کے بعد محترم صدر صاحب نے اطفال اور خدام سے افتتاحی خطاب کیا۔ آپ نے خدام کو ان کی ذمہ داریوں کا احساس دلایا۔

مغرب اور عشاء کی نماز کے بعد مکرم کامران احمد صاحب نے درس ملفوظات دیا۔ اور اس کے بعد خدام کے دینی معلومات اور بیت بازی کے مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ خدام کی ایک بڑی تعداد نے یہ مقابلہ جات نہایت دلچسپی سے دیکھے۔ جبکہ اطفال کے اس دن کے مقابلوں میں نظم، قرآن کریم کی تلاوت، نداء تقریر اور دینی معلومات کے مقابلہ جات شامل ہیں۔

تیسرا دن

تیسرے دن کا آغاز بھی باجماعت نمازِ تہجد سے ہوا۔ جو کہ حافظ قاسم احمد صاحب نے پڑھائی۔ نماز فجر کے بعد مکرم ڈاکٹر عمر شہاب خاں صاحب نے درسِ قرآن کریم اور حدیث دیا۔ اس کے بعد سب نے ناشتہ کیا اور ساتھ ہی ساتھ والی بال کے میچز کھیلے گئے اور لانگ جمپ کا مقابلہ بھی صبح ہی منعقد ہوا۔ صبح آٹھ بجے کرکٹ کے مقابلہ جات شروع ہوئے۔ آج کا دن بہت خوبصورت تھا اور دھوپ چمک رہی تھی۔

نمازِ ظہر اور عصر کی ادائیگی کے بعد صدر مجلس خدام الاحمدیہ آسٹریلیا کے لئے انتخاب ہوا۔ یہ الیکشن حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے محترم مولانا محمود احمد شاہد صاحب امیر جماعت احمدیہ آسٹریلیا کی نگرانی میں منعقد ہوا۔ اس کے بعد اجتماع کی اختتامی تقریب سے پہلے انگریزی اور اردو کے تقریری مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ جبکہ اطفال الاحمدیہ کے اس دن کے مقابلوں میں حفظِ قرآن، میوزیکل چیرز، بچ فٹ بال، فٹبال، کرکٹ اور رسہ کشی کے مقابلہ جات شامل ہیں۔

اختتامی تقریب

تقریباً 3:30 بجے اجتماع کی اختتامی تقریب محترم مولانا محمود احمد شاہد صاحب امیر جماعت احمدیہ آسٹریلیا کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ مکرم مجیب الرحمٰن سنوری صاحب نے تلاوت کی۔ تلاوت کے بعد مکرم صدر مجلس خدام الاحمدیہ آسٹریلیا نے خدام کا عہد دہرایا۔ اس کے بعد خاکسار نے حضرت مصلح موعود کی نظم ''میں اپنے پیاروں کی نسبت'' پیش کی۔ اختتامی تقریب میں بلیک ٹاؤن سٹی کونسل کے سب سے کم سن کونسلر Craig Daizman نے بھی شرکت کی اور

باقی صفحہ 6 پر

مکرم نوید احمد مبشر صاحب

مرسلہ: وکالت وقف نو

طلباء کا علمی معیار بڑھانے کے لئے بعض اہم مشورے

26 دسمبر 1905ء کو حضرت مسیح موعود نے ایک تقریر میں واقفین زندگی کے بارے میں فرمایا:۔

''.....یہ مدرسہ اشاعت (-) کا ایک ذریعہ بنے اور اس سے ایسے عالم اور زندگی وقف کرنے والے لڑکے نکلیں جو دنیا کی نوکریوں اور مقاصد کو چھوڑ کر خدمت دین کو اختیار کریں......ایک طرف ضرورت ہے ایسے لوگوں کی جو عربی اور دینیات میں توغل رکھتے ہوں اور دوسری طرف ایسے لوگوں کی بھی ضرورت ہے جو آجکل کے طرز مناظرات میں پکے ہوں۔ علوم جدیدہ سے بھی واقف ہوں۔ کسی مجلس میں کوئی سوال پیش آجاوے تو جواب دے سکیں۔''

(ملفوظات جلد چہارم ص 618)

نیز فرمایا:۔

''میرا مدعا اس قدر ہے کہ آپ لوگ تدبیر کریں خواہ کسی پہلو پر صاد کیا جاوے مگر یہ ہو کہ چند سال میں ایسے نوجوان نکل آویں جن میں علمی قابلیت ہو اور وہ غیر زبان کی بھی واقفیت رکھتے ہوں۔ اور پورے طور پر تقریر کر کے (-) کی خوبیاں دوسروں کے ذہن نشین کر سکیں۔'' (ملفوظات جلد چہارم ص 619)

بعض واقفین نو کے رزلٹ کا جائزہ

گزشتہ دنوں پاکستان کے مختلف اضلاع سے واقفین نو کے کلاس دہم کے موصولہ رزلٹ کا جائزہ لیا گیا۔ یہ تقریباً 307 رزلٹ تھے جن میں 219 لڑکوں اور 88 لڑکیوں کے رزلٹ تھے۔ جب ان کو تفصیلی طور پر دیکھا گیا تو گریڈ کے اعتبار سے درج ذیل جائزہ سامنے آیا۔

طلباء:

A+ = 18
A = 34
B = 48
C = 41
D = 43
E = 21

طالبات:

A+ = 10
A = 18
B = 19
C = 24
D = 14
E = 3

طلباء کا معیار بڑھانے کی ضرورت

ان نتائج کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ میٹرک میں ہمارے بچے کوئی بہت اچھا نتیجہ حاصل نہیں کر رہے۔ آجکل کے دور میں آئندہ کالج میں داخلہ کے لئے اچھے نمبروں کی بہت ضرورت ہے۔ B گریڈ تو کم از کم ایسا معیار ہے جس کے بعد کسی اچھی جگہ داخلہ کی امید کی جاسکتی ہے۔ جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے بھی کم از کم B گریڈ ہونا ضروری ہے۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ طلباء کا معیار بڑھایا جاوے اور بہتری کے لئے مختلف تدابیر اختیار کی جائیں۔ جتنے افراد کی ضرورت ہے اس لحاظ سے اعلیٰ نمبر حاصل کرنے والوں کی تعداد کم ہے اور اس میں بہت بہتری کی گنجائش موجود ہے۔

اچھے سکول کا انتخاب

اس کی ایک وجہ تو ہمارا ملکی نظام تعلیم ہے جو اس معیار کا نہیں جہاں اسے ہونا چاہئے تھا۔ سرکاری سکولوں کا معیار کمزور ہے جبکہ پرائیویٹ سکولوں میں سے بھی اکثر اچھے معیار کے حامل نہیں۔ ابن انشاء نے اپنی ایک مزاحیہ تحریر میں لکھا ہے کہ ''علم بڑی دولت ہے، سکول بنا پیسہ کما''۔ لگتا ہے اس بات پر عمل کرتے ہوئے پرائیویٹ تعلیمی ادارے باوجود زیادہ فیس لینے کے بہتر معیار تعلیم پیش نہیں کر رہے لیکن بہت بڑی تعداد سرکاری سکولوں میں پڑھنے کی بجائے پرائیویٹ سکول میں پڑھنے کو ترجیح دیتی ہے۔ چنانچہ شہروں اور قصبوں میں جگہ جگہ ایسے سکول کھلے ہیں۔ جن کے باہر بڑے جلی حروف میں انگریزی میڈیم تحریر ہوتا ہے۔ لیکن ان سکولوں میں پڑھانے والے استاد انگریزی سے نابلد ہوتے ہیں۔ سکول کہلاتا تو انگریزی میڈیم ہے لیکن اساتذہ اردو میں پڑھاتے ہیں جبکہ امتحان انگریزی میں ہوتا ہے۔ نتیجۃً بچہ مشکل کا شکار ہو جاتا ہے اور جب اس سکول سے میٹرک کا امتحان انگریزی نصاب کے مطابق دیتا ہے تو بہت ہی کم نمبر حاصل کرتا ہے۔ اس لئے والدین سے گزارش ہے کہ سکول کے انتخاب میں خاص توجہ دیں اور مختلف ذرائع سے معلومات اکٹھی کر کے بہتر سکول کا انتخاب کریں۔

مسلسل رابطہ

اچھے سکول کے انتخاب کے بعد والدین کے لئے ضروری ہے کہ سکول سے مسلسل اور مستقل رابطہ رکھیں اور گہری نظر سے جائزہ لیتے رہیں کہ تعلیمی معیار بلند ہو رہا ہے۔ یا بچہ مزید توجہ کا مستحق ہے۔ اس لئے سکول کے بعد گھر میں بھی تعلیم پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ والدین اساتذہ سے بھی رابطہ رکھیں اور بچے سے بھی استفسار کرتے رہیں کہ اسے پڑھائی میں کس قسم کی مشکلات پیش آرہی ہیں۔ مثال کے طور پر پہاڑے (Tables) یاد کرانا الجبرا کے فارمولے، انگریزی کے Tenses وغیرہ یاد کرانے ہوں یا پھر کسی بھی مضمون کے سوال جواب کا تبادلہ کیا جائے۔ اس طرح سے بچے کی خود اعتمادی کے ساتھ ساتھ علمی معیار میں بھی اضافہ ہوتا جائے گا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ہر کام کے لئے الگ سے وقت مقرر کر کے اس کے مطابق عمل کرایا جائے۔ مثلاً اتنا وقت پڑھائی کے لئے، اتنا کھیل کے لئے اور اتنا ٹی وی دیکھنے کے لئے۔ ایک لائحہ عمل تیار کر کے اس پر عمل کرانے سے بآسانی کمزوریوں پر قابو پا کر بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں لیکن مستقل مزاجی سے اس پر عمل درآمد کی ضرورت ہوگی۔

اچھے ٹیوٹر کا انتخاب

ایک بات اور یہ دیکھنے میں آتی ہے کہ سرکاری سکول کے اساتذہ خصوصاً سکول کے بعد زائد وقت میں ٹیوشن وغیرہ پڑھانے کی طرف خاص توجہ دیتے ہیں جبکہ یہی اساتذہ سکول میں صحیح طرح سے نہیں پڑھاتے اس لئے والدین کو اس انتخاب میں بھی خاص توجہ دینا ہوگی تا کہ پیسے اور وقت کا صحیح مصرف ہو اور بہتر نتائج حاصل ہوں۔ گھر میں موجود تعلیم یافتہ افراد چھوٹوں کو پڑھائی میں مدد دے کر پیسہ بچانے کے ساتھ ساتھ وقت کا بھی صحیح مصرف کر سکتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی نظر آتی ہے کہ سکول میں پڑھانے والے اساتذہ ٹیوشن پڑھا کر سکول کی حد تک بچوں کو پاس کرتے جاتے ہیں لیکن بورڈ کے امتحان میں یہ کمی سامنے آتی ہے اور نتیجہ بہت کمزور نکلتا ہے۔ اس لئے سکول کے انتخاب کے ساتھ ساتھ اچھے ٹیوٹر کے انتخاب میں بھی احتیاط سے کام لیں اور گھر میں بچے کی خاص نگرانی کرتے ہوئے تعلیم میں اس کی مدد کرتے رہیں۔ بچوں کو زیادہ سے زیادہ لکھنے کی مشق کرائیں۔ اس سے جہاں ان کی لکھائی میں بہتری اور نکھار آئے گا وہاں ساتھ ساتھ ان کے لئے سبق یاد کرنا اور اسے تحریر میں لانا بھی آسان ہوتا جائے گا۔

محنت اور توجہ کی ضرورت

صرف انگریزی میڈیم سکول میں داخلہ ہی کافی نہیں اس کے علاوہ بھی محنت اور توجہ کی بہت ضرورت ہوگی۔ خصوصاً واقفین نو اور واقفات نو کے لئے تا کہ میٹرک میں اچھا نتیجہ حاصل کر کے آئندہ تعلیم کے لئے اچھے کالج یا ادارے کا انتخاب آسان ہو اور اچھے اور پڑھے لکھے واقفین جماعت کی خدمت کے لئے میدان عمل میں آسکیں۔

جسمانی ورزش اور کھیل کا وقت

